سنن ابن ماجہ شریف مترجم

جلد سوم

تألیف

حافظ أبي عبد الله محمد بن یزید ابن ماجه القزويني رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

مولانا محمد قاسم امین مدظلہ العالی

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸- اردو بازار ٥ لاہور ٥ پاکستان

7231788-7211788

Presented by www.ziaraat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

نام کتاب: ——— سُنن ابنِ ماجہ شریف مترجم

تالیف: ——— حافظ أبی عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ القزوینی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: ——— مولانا محمد قاسم امین مدظلہ العالی

طابع: ——— خالد مقبول

مطبع: ——— افضل شریف پرنٹرز

ملنے کے پتے

❖ ——— مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ ☎ 7224228

❖ ——— مکتبہ علوم اسلامیہ اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور ☎ 7221395

❖ ——— مکتبہ جویریہ ۱۸-اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان ☎ 7211788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

کے۔ایک اور حدیث میں کہ وہ ممسوح العین ہے(ممسوح العین اندھے کو کہتے ہیں) اور اس میں غلیظ پھلی ہے اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں ''کافر'' لکھا ہوا ہے اس کو ہر مؤمن پڑھ لے گا پڑھا ہوا ہو یا نہ ہو دجال کے بارے میں حدیث میں اختلاف ہے۔

۳۴: بَابُ خُرُوْجِ الْمَهْدِيِّ

باب: حضرت مہدی کی تشریف آوری

۴۰۸۲: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ ثَنَا مُعَاوِیَةُ ابْنُ هِشَامٍ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ صَالِحٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ اِبْرٰهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ اِبْرٰهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اِذْ قَبَلَ فِتْیَةٌ مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ فَلَمَّا رَآهُمُ النَّبِیُّ ﷺ اغْرَوْرَقَتْ عَیْنَاهُ وَ تَغَیَّرَ لَوْنُهٗ قَالَ فَقُلْتُ مَا نَزَالُ نَرٰی فِیْ وَجْهِکَ شَیْئًا نَکْرَهُهٗ فَقَالَ اِنَّا اَهْلُ بَیْتٍ اخْتَارَ اللّٰهُ لَنَا الْاٰخِرَةَ عَلَی الدُّنْیَا وَ اِنَّ اَهْلَ بَیْتِیْ سَیَلْقَوْنَ بَعْدِیْ بَلَاءً وَ تَشْرِیْدًا وَ تَطْرِیْدًا حَتّٰی یَاْتِیَ قَوْمٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَعَهُمْ رَایَاتٌ سُوْدٌ فَیَسْاَلُوْنَ الْخَیْرَ فَلَا یُعْطَوْنَهٗ فَیُقَاتِلُوْنَ فَیُنْصَرُوْنَ فَیُعْطَوْنَ مَاسَاَلُوْا فَلَا یَقْبَلُوْنَهٗ حَتّٰی یَدْفَعُوْهَا اِلٰی رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ بَیْتِیْ فَیَمْلَؤُهَا قِسْطًا کَمَا مَلَؤُوْهَا جَوْرًا فَمَنْ اَدْرَکَ ذٰلِکَ مِنْکُمْ فَلْیَاْتِهِمْ وَلَوْ حَبْوًا عَلَی الثَّلْجِ.

۴۰۸۲: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ بنو ہاشم کے چند نوجوان آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھا تو آپ کی آنکھیں بھر آئیں اور رنگ متغیر ہو گیا۔ میں نے عرض کیا ہم مسلسل آپ کے چہرہ انور میں ایسی کیفیت دیکھ رہے ہیں جو ہمیں پسند نہیں (یعنی ہمارا دل دکھتا ہے) فرمایا: ہم اس گھرانے کے افراد ہیں جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے دنیا کی بجائے آخرت کو پسند فرما لیا ہے اور میرے اہل بیت میرے بعد عنقریب ہی آزمائش اور سختی وجلاوطنی کا سامنا کریں گے۔ یہاں تک کہ مشرق کی جانب سے ایک قوم آئے گی جس کے پاس سیاہ جھنڈے ہوں گے وہ بھلائی (مال) مانگیں گے انہیں مال نہ دیا جائے گا تو وہ قتال کریں گے انہیں مدد ملے گی اور جو (خزانہ) وہ مانگ رہے تھے حاصل ہو جائے گا لیکن وہ اسے قبول نہیں کریں گے بلکہ میرے اہل بیت میں سے ایک مرد کے حوالہ کر دیں گے وہ (زمین کو) عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسا کہ اس سے قبل لوگوں نے زمین کو جور وستم سے بھر رکھا تھا سو تم میں سے جو شخص ان کے زمانہ میں ہو تو ان کے ساتھ ضرور شامل ہو اگر برف پر گھٹنوں کے بل گھسٹ کر جانا پڑے۔

۴۰۸۳: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَهْضَمِیُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَیْلِیُّ ثَنَا عُمَارَةُ بْنُ اَبِیْ حَفْصَةَ عَنْ زَیْدِ الْعَمِّیِّ عَنْ اَبِیْ صِدِّیْقٍ النَّاجِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِی الْمَهْدِیُّ

۴۰۸۳: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبیؐ نے فرمایا: میری امت میں ایک مہدی (ہدایت یافتہ پیدا) ہوں گے اگر وہ دنیا میں کم رہے تو بھی سات برس تک رہیں گے ورنہ نو برس تک رہیں گے۔اس دور میں میری

Presented by www.ziaraat.com

إنْ قُصِرَ فَسَبْعٌ وَ إلَّا فَتِسْعٌ فَتَنعَمُ فِيهِ اُمَّتِى نَعمَةً لَمْ يَنعَمُوا مِثْلَهَا قَطُّ تُؤْتَى اُكُلَهَا وَ لَا تَدَّخِرُ مِنهُمْ شَيْئًا وَ الْمَالُ يَوْمَئِذٍ كُدُوسٌ فَيَقُومُ الرَّجُلُ فَيَقُولُ يَا مَهْدِىُّ اَعْطِنِىْ فَيَقُولُ : خُذْ.

اُمت ایسی خوشحال ہوگی کہ اس جیسی خوشحال پہلے کبھی نہ ہوئی ہوگی زمین اس وقت خوب پھل دیگی اور ان سے بچا کر کچھ نہ رکھے گی اور اس وقت مال کے ڈھیر لگے ہوئے ہونگے ایک مرد کھڑا ہو کر عرض کریگا اے مہدی مجھے کچھ دیجئے ؟ وہ کہیں گے (جتنا جی چاہے) لے لو۔

۴۰۸۴ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى وَ اَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَا ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِىِّ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ عَنْ اَبِى اَسْمَاءَ الرَّحَبِىِّ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْتَتِلُ عِنْدَ كَنْزِكُمْ ثَلَاثَةٌ كُلُّهُمْ ابْنُ خَلِيفَةٍ ثُمَّ لَا يَصِيرُ اِلَى وَاحِدٍ مِنْهُمْ ثُمَّ تَطْلُعُ الرَّايَاتُ السُّودُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ فَيَقْتُلُونَكُمْ قَتْلًا لَمْ يَقْتُلْهُ قَوْمٌ.

ثُمَّ ذَكَرَ شَيْئًا لَا اَحْفَظُهُ فَقَالَ فَاِذَا رَاَيْتُمُوهُ فَبَايِعُوهُ وَ لَوْ حَبْوًا.

۴۰۸۴ : حضرت ثوبانؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: تمہارے ایک خزانہ کی خاطر تین شخص قتال کریں گے (اور مارے جائیں گے) تینوں حکمران کے بیٹے ہوں گے لیکن وہ خزانہ ان میں سے کسی کو بھی نہ ملے گا پھر مشرق کی جانب سے سیاہ جھنڈے نمودار ہونگے وہ تمہیں ایسا قتل کریں گے کہ اس سے قبل کسی نے ایسا قتل نہ کیا ہوگا اس کے بعد آپ نے کچھ باتیں ذکر فرمائیں جو مجھے یاد نہیں پھر فرمایا: جب تم ان (مہدی) کو دیکھو تو ان سے بیعت کرو اگرچہ تمہیں گھٹنوں کے بل گھسٹ کر جانا پڑے (کیونکہ وہ اللہ کے خلیفہ مہدی ہونگے)۔

۴۰۸۵ : حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ ثَنَا اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِىُّ ثَنَا يَاسِينُ عَنْ اِبْرٰهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَلِىٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَلْمَهْدِىُّ مِنَّا اَهْلَ الْبَيْتِ يُصْلِحُهُ اللّٰهُ فِى لَيْلَةٍ.

۴۰۸۵ : حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہدی ہم اہل بیت میں سے ہوں گے اللہ تعالیٰ ان کو ایک ہی شب میں (خلافت کی) صلاحیت والا بنا دیں گے۔

ف : یعنی ان کی خلافت وحکومت کے لئے سازگار ماحول آناً فاناً پیدا ہو جائے گا۔ (مترجم)

۴۰۸۶ : حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ ثَنَا اَبُو الْمَلِيحِ الرَّقِّىُّ عَنْ زِيَادِ ابْنِ بَيَانٍ عَنْ عَلِىِّ بْنِ نُفَيْلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ اُمِّ سَلَمَةَ فَتَذَاكَرْنَا الْمَهْدِىَّ فَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ اَلْمَهْدِىُّ مِنْ وَلَدِ فَاطِمَةَ.

۴۰۸۶ : حضرت سعید بن مسیبؒ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے ہمارے درمیان حضرت مہدی کا ذکر آیا تو فرمانے لگیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ مہدی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں ہوں گے۔

۴۰۸۷ : حَدَّثَنَا هَدِيَّةُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ ثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ

۴۰۸۷ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Presented by www.ziaraat.com